# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 28 August 2026**
**Time : 09:25 AM**

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز ہ اختر

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سبھی شہریوں کو طبی نگہداشت کی معیاری خدمات فراہم کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ SKICC سرینگر میں کواٹرزی ہیلتھ کیئر اینڈ ریسرچ سمٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے جموں کشمیر میں چوتھے درجے کے طبی نظام کے نظریے کو حاصل کرنے کیلئے بنیادی سطح کے صحت شعبے کو مضبوط کرنے پر زور دیا۔

انہوں نے کہا کہ پرائمری اور ثانوی سطح کا فعال طبی نظام تیسرے درجے کے صحت اداروں پر لوڈ کم کرنے میں مدد گار ثابت ہوسکتا ہے۔اس تین روزہ میڈیکل کانفرنس کا اہتمام سکمز صورہ نے نیتی آیوگ کی زیر نگرانی ایمز نئی دلی اور PGIMER چنڈی گڑھ، ایمز جموں اور ایمز اونتی پورہ کے باہمی اشتراک سے 25 سے 27 اگست تک کیا تھا۔

فلم فیسٹول

محکمہ اطلاعات نے جموں کشمیر میں اگلے مہینے منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹول میں باصلاحیت فنکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے 9 زمروں میں نقد انعامات دئے جانے کا اعلان کیا ہے۔اس کی رو سے بہترین فلم کو 25 لاکھ روپے // بہترین ہدایت کاری کیلئے 15 لاکھ روپے // اور جموں کشمیر میں تیار کی گئی بہترین فلم کیلئے 10 لاکھ روپے کا نقد انعام رکھا گیا ہے۔

اسی طرح سے مرد اور خواتین کے زمروں میں بہترین اداکاری کیلئے 8 آٹھ لاکھ روپے نقد انعام دئے جائیں گے۔

اسی دوران اس فلم فیسٹول کیلئے 5 رکنی جیوری کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ یہ فیسٹول 7 سے 10 ستمبر تک سرینگر، جموں اور گلمرگ میں منعقد کیا جائے گا۔دریں اثنا چیف

سیکریٹری اٹل ڈلو نے اس بین الاقوامی سطح کے فلم فیسٹول کیلئے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔موصوف کو جانکاری دی گئی کہ محکمہ اطلاعات فیسٹول کے احسن انعقاد کیلئے پوری طرح سے تیار ہے۔

رکھشا بندھن

آج رکھشا بندھن ہے۔ یہ تہوار بہن بھائیوں کے درمیان خصوصی اور قریبی رشتے کا عکاس ہے جس دوران بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر راکھی باندھ کر ان کی خوشحالی، ترقی اور صحت وسلامتی کیلئے دعا کرتی ہیں۔ بھائی اپنی بہنوں کو تحائف پیش کر کے ان کی حفاظت اور حمایت کیلئے ہمیشہ ساتھ رہنے کا عہد دہراتے ہیں۔

-------Music-----------

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رکھشا بندھن کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔مبارکبادی کے اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے تمنا ظاہر کی ہے کہ یہ تہوار تمام طبقوں کے مابین آپسی بھائی چارے اور امن واخوت کا پیغام لیکر آئے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، کابینہ وزیر ستیش شرما اور دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی رکھشا بندھن کے موقعے پر ہندو برادری کو مبارکباد دی ہے۔

یاترا

رکھشا بندھن کے موقعے پر ہی آج سالانہ شری امرناتھ یاترا بھی رسمی طور پر اختتام پذیر ہورہی ہے۔اس سال 3 جولائی کو شروع ہوئی اس یاترا کے دوران 4 لاکھ 80 ہزار سے زیادہ شردھالوؤں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

گو کہ موسم خراب ہونے کے بعد یاترا کو معطل کیا گیا تھا، تاہم چھڑی مبارک کو روایت کے مطابق آج امرناتھ گپھا پہنچایا جارہا ہے، جہاں خصوصی پرارتھنا سبھا کا اہتمام ہے۔

میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے بعد کے جمعہ کی مناسبت سے آج مساجد اور خانقاہوں میں سیرتی مجالس کا اہتمام ہے۔نماز جمعہ سے قبل آج ائمہ حضرات اور خطیب سیرت النبی ﷺ کے کئی گوشوں کو بیان کریں گے۔

وادی میں نماز جمعہ کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہونے توقع ہے، جہاں ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جارہی ہے۔

وادی کشمیر کے دیگر سبھی اضلاع میں بھی میلاد النبی ﷺ کی اختتامی تقریب کے سلسلے میں روح پرور مجالس منعقد ہورہی ہیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے شہر سرینگر میں نقل و حمل میں بہتری لانے اور ٹریفک کی گنجائش میں کمی لانے کیلئے شہر کے سڑک نیٹ ورک کو مضبوط کرنے کی ضرورت اجاگر کی ہے۔
وہ متعلقہ محکموں کی اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں شہر سرینگر میں مجوزہ سڑک پروجیکٹوں کا جائزہ لے رہے تھے۔

من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی 30 اگست اتوار کو من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔
یہ اس پروگرام کا 137 واں شمارہ ہوگا۔ صبح 11 بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر ہونے کے بعد فوراً بعد اس پروگرام کا علاقائی ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔

جن دھن

مالی شمولیت کے بڑے پروگرام پردھان منتری جن دھن یوجنا کے 12 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ یہ سکیم وزیراعظم نریندر موی نے 2014 میں آج ہی روز شروع کی تھی۔
وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ اس یوجنا کے تحت ابھی تک 59 کروڑ سے زیادہ بنک کھاتے کھولے گئے ہیں، جن میں 3 لاکھ 17 ہزار کروڑ روپے کی رقم جمع کی گئی ہے۔ مانا جارہا ہے کہ جن دھن یوجنا نے لاکھوں افراد کو اقتصادی خودمختاری عطا کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔